**19.04.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

**Music**

1- وزیرِاعظم نریندر مودی منگل کو سعودی عرب کے دو روزہ دورے پر روانہ ہوں گے۔

2- پچھلے مالی برس کے دوران بھارت کی دوا سازی کی برآمدات میں نو فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا گیا اور یہ تیس ارب امریکی ڈالر کو پہنچ گئیں۔

3- دلی کے مصطفیٰ آباد علاقے میں ایک عمارت کے منہدم ہوجانے کے حادثے میں چار افراد ہلاک ہوگئے 12 دیگر افراد کے ملبے میں دبے ہونے کا اندیشہ ہے۔

4- مشترکہ داخلہ امتحان JEE Main سیشن دوم کے نتائج جاری کردیئے گئے ہیں۔ کُل 24 طلبا نے صد فیصد نمبرات حاصل کئے ہیں۔

5- اور IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج سہ پہر احمد آباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ ڈیلی کیپٹلس سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM- SAUDI VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی منگل کو دو روزہ دورے پر سعودی عرب جائیں گے۔ وہ ولی عہد شہزادے اور وزیر اعظم پرنس محمد بن سلمان کی دعوت پر اِس دورے پر جارہے ہیں۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ وزیر اعظم کا یہ سعودی عرب کا تیسرا دورہ ہوگا۔ اِس سے پہلے وہ 2016 اور 2019 میں بھی سعودی عرب جاچکے ہیں۔ اِس سے پہلے محمد بن سلمان ستمبر 2023 میں سرکاری دورے پر آئے تھے اور انہوں نے گروپ 20 کی چوٹی میٹنگ میں شرکت کی تھی۔ اِس کے علاوہ سعودی عرب کے وزیر اعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے بھارت اور سعودی عرب کی کلیدی ساجھیداری سے متعلق کونسل کی پہلی میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت بھی کی تھی۔

بھارت اور سعودی عرب کے درمیان سیاسی ، دفاعی ، سکیورٹی ، تجارت ، سرمایہ کاری ، ٹیکنالوجی ، ثقافت اور تعلیم سمیت مختلف شعبوں میں دو طرفہ مضبوط تعلقات قائم ہیں۔ اس کے علاوہ ، دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان بھی روابط موجود ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے اِس دورے سے ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت ، سعودی عرب کے ساتھ اپنے باہمی رشتوں کو

کس قدر اہمیت دیتا ہے۔ اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان مختلف شعبوں میں پائے جانے والے باہمی رشتے اور زیادہ مضبوط و مستحکم ہوں گے۔ x

**SHAH LIVER**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرکار ملک میں صحت کی دیکھ بھال کیلئے ایک جامع اور ٹھوس پالیسی پر کام کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بات آج نئی دلّی میں صحتمند جگر ، صحتمند بھارت کے موضوع پر ایک مباحثے سے خطاب کرتے ہوئے کہی، جس کا اہتمام انسٹی ٹیوٹ آف Liver اور Biliary سائنس نے کیا تھا۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گذشتہ 11 سال میں صحت سے متعلق بنیادی ڈھانچہ کافی مضبوط ہوا ہے اور اِس میں بہتری آئی ہے۔ وزیر داخلہ جناب امت شاہ نے اپنی تقریر میں تغذیہ بخش خوراک ، خاطر خواہ نیند اور باقاعدگی کے ساتھ کسرت کرنے پر زور دیا۔

**SB - Shah**

**LUCKNOW -RAJNATH SINGH**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ملک میں کھیل کود کے ایک نئے ماحول فروغ حاصل ہوا ہے۔ انہوں نے یہ بات آج لکھنؤ میں سنسد کھیل مہا کنبھ کا افتتاح کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی اور اترپردیش سرکار کھیلوں کیلئے سازگار پالیسیوں پر عمل کررہی ہیں۔ جناب راج ناتھ سنگھ نے کہا کہ سرکار اِس بات کو ہر ممکن کوشش کررہی ہے کہ 2036 کے اولمپک کھیل گجرات میں ہوں۔ اِس کے علاوہ، عالمی درجے کے دوسرے کھیل کود مقابلے بھی بھارت میں کرانے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔

**SB 1400 - Rajnath Singh 2036**

**14C- FRAUD ONLINE**

وزارت داخلہ کے تحت کام کرنے والے انڈین سائبر کرائم کوآرڈینیشن سینٹر 14C نے آج عوام کے لئے آن لائن دھوکہ دہی کے سلسلے میں الرٹ جاری کیا ہے۔ دھوکہ دہی کرنے والے افراد خاص طور پر مذہبی یاتریوں اور سیاحوں کو نشانہ بنارہے ہیں۔ مذکورہ سینٹر نے عوام کو مشورہ دیا ہے کہ وہ بیحد محتاط رہیں اور کوئی بھی ادائیگی کرنے سے پہلے ویب سائٹس کی حقیقت کی تصدیق کرلیں۔ لوگوں کو گوگل، فیس بک یا واٹس اپ پر کسی بھی نامعلوم لنک پر جانے سے پہلے محتاط رہنے کا مشورہ دیا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

**V/C Saklen**

وزارت داخلہ نے کہا ہے کہ فرضی ویب سائٹس، گمراہ کن سوشل میڈیا پیجز، فیس بک پوسٹ اور گوگل جیسے سرچ انجن پر رقم دیکر ایڈ چلاکر لوگوں کو دھوکے کا شکار بنایا جارہا ہے۔ ان گھپلوں میں ایسی فرضی ویب سائٹس، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز اور واٹس ایپ اکاؤنٹس بنانا شامل ہے، جہاں لوگوں کو کیدارناتھ اور چار دھام کے لئے ہیلی کاپٹر بک کرنے کی سہولت فراہم کی جاتی ہے۔

وزارت نے لوگوں سے زور دے کر کہا کہ وہ حکومت کے پورٹل یا سیاحتی ایجنسیوں کی مدد سے بکنگ کی تفصیلات کی اچھی طرح تصدیق کرلیں۔ نیز وزارت نے سائبر کرائم کی اطلاع سے متعلق پورٹل **www.cybercrime.gov.in** پر یا ہیلپ لائن نمبر **1930** پر ایسے معاملات کی اطلاع دینے کا مشورہ دیا ہے۔

اس طرح کے معاملات کی روک تھام کے لئے **Indian Cybercrime Coordination Center** کثیر رخی حکمت عملی اپنا رہا ہے۔

ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ میں اردو خبروں کے لئے میں کونین حیدر

## PHARMA EXPORT

پچھلے مالی برس کے دوران بھارت کی دوا سازی کی برآمدات 30 ارب امریکی ڈالر سے تجاوز کرگئی ہے۔ امریکہ بدستور ایک اہم بازار رہا، جہاں ملک کی کُل دواسازی برآمدات کا ایک تہائی سے زیادہ حصہ رہا۔ سرکاری تجارتی اعداد و شمار کے مطابق، مالی برس **2024-25** کے دوران دواسازی کی برآمدات 30 بلین ڈالر سے زیادہ رہیں، جبکہ اس سے پہلے **2023-24** کے دوران یہ برآمدات تقریباً 27 اعشاریہ پانچ ارب امریکی ڈالر کے قریب رہا۔ اس طرح **2023-24** کے مقابلے **2024-25** کے دوران اِس میں نو فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مارچ **2025** میں دواسازی برآمدات میں سال بہ سال تیں فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا گیا اور یہ تین ہزار **681** ملین ڈالر کو پہنچ گیا۔

پچھلے مالی برس کے اسی مہینے میں یہ برآمدات **2**ہزار **806** ملین ڈالر رہی تھی۔ امریکہ کو ہونے والی برآمدات میں مالی سال **2024-25** کے دوران **14** فیصد سے زیادہ کا اضافہ درج کیا گیا۔ امریکہ کے بعد ملک کی دواسازی برآمدات میں سرفہرست دیگر ممالک برطانیہ، برازیل، فرانس اور جنوبی افریقہ تھے۔**x**

## DELHI BUILDING COLLAPSE

دلی کے مصطفیٰ آباد علاقے میں ایک چار منزلہ عمارت کے منہدم ہوجانے کے حادثے میں چار افراد ہلاک ہوگئے جبکہ **12** دیگر ابھی بھی ملبے کے نیچے دبے ہوئے ہیں۔ یہ حادثہ دیر رات گئے پیش آیا۔

نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے NDRF کے DIG محسن شاہدی نے کہا ہے کہ NDRF کی ٹیم اور دیگر ایجنسیاں بچاؤ کا کام کررہی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ علاقے میں تنگ گلیاں ہیں، جس کی وجہ سے بھاری مشینوں کو لانے میں دشواری پیش آرہی ہے۔

(S/B MOSHIN NDRF)

شمال مشرقی دلی کے ایڈیشنل DCP سندیپ لانبا نے کہا ہے کہ یہ حادثہ رات تقریباً تین بجے پیش آیا۔ انھوں نے کہا کہ 14 لوگوں کو بچالیا گیا تھا، تاہم چار لوگ زخموں کی تاب نہ لاکر چل بسے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے والی قومی فورس NDRF اور دلی پولیس کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئی ہیں۔ یہاں فی الحال بچاؤ کا کام جاری ہے۔ x

**WB- MURSHIDABAD**

مغربی بنگال کے گورنر ڈاکٹر سی وی آنند بوس نے وقف ترمیمی قانون کے خلاف ہونے والے احتجاج کے دوران مارے گئے افراد کے کنبوں کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا ہے۔

SB - 1400 - CV Anand Bose - Governor

گورنر موصوف مغربی بنگال میں مرشد آباد کے شمشیر گنج میں تشدد سے متاثرہ علاقوں کے دورے پر گئے اور اُن افراد کے کنبوں سے ملے ، جنہیں اِس مہینے کی 12 تاریخ کو تشدد کے دوران بے ہنگم ہجوم نے ہلاک کردیا تھا۔ پولیس نے اِس سلسلے میں تین افراد کو گرفتار کیا ہے، جن میں اصل ملزم Inmajul Haque بھی شامل ہے۔ گورنر Jafrabad کے تشدد سے متاثرہ گاؤں کے دورے پر بھی گئے۔ لوگوں نے مانگ کی اُن کی حفاظت کیلئے BSF کے کیمپ لگائے جائیں۔ اِسی دوران خواتین سے متعلق قومی کمیشن کی سربراہ وجے کے راحت کر کی سربراہ میں ایک پانچ رکنی وفد نے ہرگووند داس اور چندن داس کے کنبوں سے ملاقات کی۔

اِن دونوں کو وقف ترمیمی قانون کے خلاف ہونے والے احتجاج کے دوران بے ہنگم ہجوم نے ہلاک کردیا تھا۔ خواتین کے کمیشن کی یہ ٹیم شمشیر گنج میں رتن پور اور Betbona گاؤں بھی گئی ۔ ٹیم سے ملنے کے بعد مقامی گاؤں والے رو پڑے اور انہوں نے درخواست کی کہ گڑبڑ والے علاقوں میں مرکزی فورس کے کیمپ لگائے جائیں۔ کمیشن کی ممبر ڈاکٹر ارچنا مجمدار نے کہا کہ مرکزی سرکار ہمیشہ عام آدمی کے ساتھ ہے اور انہوں نے گاؤں والوں کو مرکزی امداد کا بھی یقین دلایا۔

انسانی حقوق سے متعلق قومی کمیشن کی ایک ٹیم مالدہ سے مرشد آباد کے تشدد سے متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ ہوئی ہے۔ x

**JEE MAIN RESULT**

امتحانات کا انعقاد کرنے والی قومی ایجنسی NTA نے آج صبح مشترکہ داخلہ امتحان JEE Main سیشن دوم کے نتائج

کوجاری کردیئے۔ اس مرتبہ کُل 24 طلبا نے JEE Main 2025 کے پہلے پرچے BE/BTech میں صد فیصد نمبرات حاصل کئے ہیں۔ JEE Main کی سرکاری ویب سائٹ jeemain.nta.nic.in پر کٹ آف کے ساتھ ساتھ امتحان کے نتائج دستیاب ہیں۔x

**<u>J&K HAJ PILIGRIMS</u>**

جموں و کشمیر سے حج کی سعادت حاصل کرنے کی غرض سے سعودی عرب جانے والے عازمینِ حج کی تعداد میں حالیہ برسوں میں کافی کمی آئی ہے۔ گذشتہ دو سال یعنی 2023 کے مقابلے میں اِن کی تعداد میں 70 فیصد کمی آئی ہے۔ اِس سال محض تین ہزار 624 عازمین حج کی سعادت حاصل کریں گے، جبکہ پچھلے سال سات ہزار 8 افراد حج کو گئے تھے۔

**<u>ARYABHAT-50 YEARS</u>**

بھارت کے پہلے سیٹیلائٹ آریہ بھٹ نے آج 50 سال مکمل کرلئے۔ اس سیٹلائٹ کو آج ہی کے دن 1975 میں خلاء میں چھوڑا گیا تھا۔ اس سیٹلائٹ کا نام قدیم بھارتی ریاضی داں اور ماہر فلکیات آریہ بھٹ کے نام پر رکھا گیا تھا۔ اس سیٹلائٹ کو خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے اسرو نے تیار کیا تھا اور اسے USSR کی مدد سے Kapustin Yar سے لانچ کیا گیا تھا۔x

**<u>US-IRAN TALKS</u>**

امریکہ اور ایران، تہران کے جوہری عزائم پر دہائیوں سے جاری تعطّل کو ختم کرنے کے لئے آج روم میں نیوکلیئر مذاکرات کا ایک نیا دور شروع کرنے والے ہیں۔ ایران کے وزیر خارجہ عباس Araqchi اور صدر ٹرمپ کے مشرق وسطیٰ کے ایلچی Sreve Witkoff عمان کی ثالثی میں بالمشافہ بات چیت کریں گے۔ یہ مذاکرات پچھلے ہفتے مسقط میں ہوئی پہلے دور کی مفید بات چیت کے بعد ہورہے ہیں۔

اس دوران صدر ٹرمپ نے سفارتی کوششوں کی ناکامی کی صورت میں، ممکنہ فوجی کارروائی کی وارننگ دی ہے۔ امریکہ چاہتا ہے کہ ایران انتہائی افزودہ یورینیم کی پیداوار روک دے۔ اس کا خیال ہے کہ ایران کا مقصد ایٹم بم بنانا ہے۔ تاہم تہران کا موقف ہے کہ اس کا جوہری پروگرام مکمل طور پر پرامن ہے۔

اُس نے پابندیاں ہٹانے کے بدلے میں کچھ پابندیوں سے متعلق بات چیت کرنے پر آمادگی کا اظہار کیا ہے۔ x

**<u>CANADA INDIAN KILLED</u>**

کناڈا کے ہیملٹن میں ایک 21 سالہ بھارتی طالب علم ہرسمرت رندھاوا کی گولی لگنے سے موت ہوگئی۔ وہ ایک بس اسٹاپ پر بس کا انتظار کررہی تھی تبھی اسے گولی لگ گئی۔ ٹورنٹو میں واقع بھارت کے قونصلیٹ جنرل نے اس واقعے پر نہایت

دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ قونصلیٹ جنرل مدد فراہم کرنے کے لئے اُن کے اہل خانہ کے رابطے میں ہے۔ اس دوران پولیس واقعے کی تحقیقات کررہی ہے۔x

## DRC BOAT CAPSIZED

جمہوریہ کانگو میں موٹر سے چلنے والی لکڑی کی کشتی میں آگ لگنے اور کشتی کے پلٹ جانے سے کم سے کم 148 افراد ہلاک ہوگئے۔ حکام نے کہا ہے کہ خواتین اور بچوں سمیت اس کشتی میں 500 مسافر سوار تھے۔ یہ کشتی آگ لگنے کی وجہ سے ملک کے شمال مغربی علاقے میں واقع Cango دریا میں پلٹ گئی۔ x

## DAY CRICKET

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں آج احمدآباد نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ دلی کیپٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ سہ پہر ساڑھے تین بجے شروع ہوگا۔ دونوں ہی ٹیمیں پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست رہنے کے ارادے سے اتریں گی۔ اکشر پٹیل کی قیادت میں دلی کیپٹلس کو اب تک چھ میچوں میں صرف ایک میچ میں ہار کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ شبھ من گِل کی قیادت میں گجرات ٹائٹنس کے پاس مضبوط بلے بازی ہے۔

آج کے دوسرے میچ میں راجستھان رائلز کا مقابلہ جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ راجستھان رائلس لگاتار تین میچ ہارنے کے بعد کھیل میں واپس آنا چاہے گی جبکہ لکھنؤ سُپر جائنٹس زبردست فارم میں ہے۔ اس نے چنئی سُپر کنگس سے پچھلا میچ ہارنے سے پہلے لگاتار تین میچوں میں جیت حاصل کی ہے۔x

☆☆☆☆☆